**14.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کلیم احمد

**Music**

---------------------------------

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ توانائی کو محفوظ رکھنا اب صرف ایک متبادل نہیں رہ گیا ہے بلکہ یہ موجودہ وقت کی ایک ضرورت ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے توانائی کو محفوظ رکھنے سے متعلق قومی ایوارڈس 2025 حاصل کرنے والوں کی عزت افزائی بھی کی۔

☆ دلّی میں فضائی آلودگی شدید کے زمرے میں پہنچ گئی ہے۔ سرکار نے سبھی اسکولوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ نویں اور گیارہویں کلاس تک پڑھائی Hybrid Mode میں کرائیں۔

☆ مغربی بنگال سرکار نے کولکاتہ میں Salt Lake میں Lionel Messi کے کل کے پروگرام میں توڑ پھوڑ کے واقعے کی جانچ کیلئے انکوائری کمیٹی تشکیل دی ہے۔

☆ کرکٹ میں، دوبئی میں 19 سال سے کم عمر کھلاڑیوں کے ایشیا کپ ٹورنامنٹ میں بھارت اور پاکستان کے درمیان میچ جاری ہے۔

☆ اور چنئی میں، آج شام عالمی اسکواش چمپئن شپ میں بھارت کا مقابلہ ہانگ کانگ سے ہوگا۔

-------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Prez - Energy Conservation Day**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ توانائی کو محفوظ رکھنا اب صرف ایک متبادل نہیں رہ گیا ہے بلکہ یہ موجودہ زمانے کی ایک ضرورت ہے۔ وہ توانائی کو محفوظ رکھنے کے قومی دن کے موقع پر آج نئی دلّی میں ایک تقریب سے خطاب کررہی تھیں۔ صدرِ جمہوریہ نے زور دے کر کہا کہ توانائی کی ہر ایک یونٹ کی بچت سے فطرت کے تیئں ذمہ داری کے احساس کی عکاسی ہوتی ہے اور یہ مستقبل کی نسلوں کے تیئں ذمہ داری اور احساس کا بھی مظہر ہے۔

محترمہ دروپدی مرمو نے کہا کہ بھارت نے توانائی کو محفوظ رکھنے اور ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کی منتقلی کے شعبوں میں اہم قدم اٹھائے ہیں۔

صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ بھارت نے ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کے تعلق سے اپنے وعدے کو مقررہ وقت سے پہلے

ہی پورا کرلیا ہے اور یہ توانائی کی صلاحیت میں اضافے اور کاربن کے اخراج کو کم کرنے کی سمت ایک اہم کامیابی ہے۔

**SB - 1400 - President Energy**

اِس موقع پر صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے توانائی کو محفوظ رکھنے سے متعلق قومی ایوارڈس 2025 کے فاتحین اور اِسی موضوع پر Painting کے قومی مقابلے میں کامیابی حاصل کرنے والوں کی عزت افزائی بھی کی۔ x

**PM Jordan Economic Cooperation**

وزیراعظم نریندر مودی کل سے اُردن کا دو روزہ دورہ کریں گے۔ جناب مودی، شاہ عبد اللہ دوئم بن الحسین کی دعوت پر یہ دورہ کر رہے ہیں۔ وزیراعظم مودی کا یہ دورہ، دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 سال پورے ہونے کے موقع پر ہورہا ہے۔ اُردن میں 17 ہزار 500 سے زیادہ بھارتی افراد مقیم ہیں، جو وہاں کے اقتصادی اور سماجی تانے بانے کا ایک اہم حصہ بن گئے ہیں۔ یہ افراد ٹیکسٹائلز، تعمیرات اور مینوفیکچرنگ سمیت بہت سے شعبوں میں کام کررہے ہیں اور دونوں ملکوں کے درمیان دو طرفہ تعلقات میں گراں قدر تعاون کررہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ..................

**VC - Vinod Kumar**

*اُردن کے ملبوسات اور ٹیکسٹائلز کی صنعت میں بھارت کا حصہ بہت نمایاں ہے۔ ملبوسات سے متعلق تقریباً 15 بھارتی کمپنیاں، لگ بھگ 50 کروڑ ڈالرز کی سرمایہ کاری کے ساتھ اُردن کے کوالیفائیڈ صنعتی زون میں کام کررہی ہیں۔*

*ٹیکسٹائلز کے علاوہ، اُردن میں بھارتی افراد، حفظانِ صحت، اطلاعاتی ٹیکنالوجی IT، مالیات سے متعلق خدمات، کھاد تیار کرنے والی کمپنیوں، یونیورسٹیوں اور کثیر سطحی تنظیموں سمیت مختلف شعبوں میں برسرِ روزگار ہیں۔ وہاں بھارتی افراد کی قابل بھروسہ اور ہنرمندر افرادی قوت کے طور پر ستائش کی جاتی ہے، جو بھارت کے ساتھ اپنے مضبوط ثقافتی اور سماجی روابط برقرار رکھتے ہوئے اُردن کی اقتصادی ترقی میں اہم تعاون کررہے ہیں۔*

*وزیر اعظم نریندر مودی، اُردن کے اپنے اِس پہلے دورے کے دوران، عمان میں بھارتی برادری کے پُرجوش افراد سے بھی ملاقات کریں گے۔*

*عمان سے وِنود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالمالک*

**BJP - Congress Rally**

BJP نے ووٹر فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR کے عمل کے معاملے پر مبینہ طور پر ابہام پیدا کرنے پر کانگریس پارٹی کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ نئی دلّی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، پارٹی کے ترجمان سمبت پاترا نے کہا کہ چناؤ اصلاحات پر پارلیمنٹ میں پہلے ہی تفصیلی بحث ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس بحث مباحثے کے دوران مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے اپوزیشن کی جانب سے اٹھائے گئے سبھی سوالوں کا ایک ایک کرکے جواب دیا۔ جناب سمبت پاترا نے

دعویٰ کیا کہ کانگریس پارٹی ملک کے آئینی اداروں کی توہین کررہی ہے، جبکہ بھارت کی جمہوریت کی قوت سے سبھی لوگ بخوبی واقف ہیں۔ x

**Israel Hamas Killed**

اسرائیل نے کہا ہے کہ اُس نے غزہ پٹی میں حملہ کرکے حماس کی فوجی شاخ میں ہتھیار تیار کرنے سے متعلق سربراہ کو ہلاک کردیا ہے۔ اسرائیلی فوج کے مطابق علاقے میں صرف ایک حملہ کیا گیا اور اِس میں حماس کا بڑا لیڈر رعد سعد مارا گیا۔ اسرائیلی فوج نے بتایا ہے کہ سعد، حماس کی فوجی شاخ کے اسلحہ سازی کے ہیڈکوارٹرس کا سربراہ تھا۔

اُدھر اسرائیل کے وزیرِ اعظم بن یامن نیتن یاہو اور وزیرِ دفاع Israel Katz نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سعد نے، اسرائیل پر 7 اکتوبر 2023 کے حملے میں بڑا رول ادا کیا تھا، جس کے بعد غزہ میں لڑائی شروع ہوئی۔ x

**Pollution**

دلّی قومی راجدھانی خطے میں ہوا کی کوالٹی شدید کے زمرے میں آگئی ہے۔ فضائی آلودگی پر کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق قومی راجدھانی میں آج دن میں ایک بجے ہوا کی کوالٹی کا اوسط اشاریہ 457 ریکارڈ کیا گیا۔ x

**Delhi Schools**

دلّی میں، تعلیم سے متعلق ڈائریکٹوریٹ نے قومی راجدھانی میں ہوا کے معیار کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر سبھی اسکولوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ نویں جماعت تک کی اور گیارہویں جماعت کی کلاسز ہائبرڈ طریقۂ کار چلائیں۔ البتہ دسویں اور بارہویں جماعت کی کلاسز حسب معمول جاری رہیں گی۔ یہ فیصلہ، ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن کی جانب سے ایک حکم جاری کیے جانے کے بعد کیا گیا ہے، جس نے دلّی اور قومی راجدھانی خطّے - NCR میں فضائی آلودگی کی بگڑتی صورتحال کے مدنظر GRAP کے چوتھے مرحلے کو فوری طور سے نافذ کردیا ہے۔x

**Delhi Police Spurious Medicines**

دلّی پولیس کی کرائم برانچ نے اترپردیش کے غازی آباد میں نقلی دوائیں تیار کرنے کی ایک فیکٹری کا پتہ لگایا ہے اور دو مشتبہ افراد کو گرفتار کیا ہے۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، کرائم برانچ کے ڈپٹی کمشنر آف پولیس، آدتیہ گوتم نے بتایا کہ ملزم افراد مشہور برانڈس کے نام سے نقلی دوائیں تیار کرنے اور انہیں تقسیم کرنے کے کام میں ملوث تھے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس نے چھاپے کے دوران ساڑھے سات ہزار سے زیادہ نقلی مرہم اور دوائیں ضبط کی ہیں۔

**SB - DCP - Aditya Gautam**

**Kolkata - SLYBK**

کولکاتہ میں Salt Lake یووا بھارتی Krirangan میں کل کے واقعے کے سلسلے میں پولیس نے اپنے طور پر ایک

کیس درج کیا ہے۔ اِس سے پہلے پولیس نے وہاں **Messi** کے پروگرام کے منتظم **Satadru Datta** کو تقریباً دو گھنٹے تک پوچھ تاچھ کے بعد گرفتار کرلیا۔

مغربی بنگال کی وزیرِ اعلیٰ ممتا بنرجی نے ریٹائرڈ جج، جسٹس **Ashim Kumar Ray** کی سربراہی میں ایک انکوائری کمیٹی بنائے جانے کا حکم دیا ہے۔ فٹ بال کے سرکردہ کھلاڑی **Lionel Messi** کے مداح اور شائقین، اُن کی ایک جھلک پانے میں ناکام رہنے کے بعد یووا بھارتی **Krirangan** کے گراؤنڈ میں داخل ہوگئے اور وہاں توڑ پھوڑ کی۔ **x**

## [MP Cheetah]

مدھیہ پردیش کے وزیرِ اعلیٰ موہن یادو نے کہا ہے کہ وِیرانگنا دُرگا وَتی ٹائیگر ریزر اگلے سال مانسون سے قبل ریاست میں چیتوں کا ایک نیا مسکن بن جائے گا۔ افریقہ سے چیتوں کو کامیابی کے ساتھ **Kuno** نیشنل پارک لائے جانے کے تناظر میں ایسا ہورہا ہے۔

ریاستی کابینہ نے چیتوں کیلئے ریاست میں تیسرے ٹھکانے کے طور پر ساگر ضلعے میں **Nauradehi** کے مقام پر ویرانگنا دُرگا وَتی ٹائیگر فورس قائم کرنے کی اصولی طور پر منظوری دے دی ہے۔ **Sheopur** میں **Kuno** نیشنل پارک میں چیتوں کا پہلا باڑا ستمبر **2022** میں کھولا گیا تھا، جبکہ دوسرا اِس سال اپریل میں **Mandsaur** میں گاندھی ساگر پناہ گاہ میں کھولا گیا۔

چیتا پروجیکٹ کا تذکرہ کرتے ہوئے، جناب موہن یادو نے کہا کہ بھارت میں مدھیہ پردیش، دنیا میں ایسا واحد مقام ہے، جہاں چیتوں کو پھر سے بسانے کا عمل کامیاب رہا ہے۔ **Kuno** نیشنل پارک میں **28** چیتے ہیں، جبکہ گاندھی ساگر پناہ گاہ میں **2** چیتے ہیں۔

اگلے مہینے بوتسوانا سے **8** چیتے **Kuno** نیشنل پارک میں لائے جانے کی امید ہے۔ **x**

## [IMD Weather]

بھارتی موسمیات محکمے نے تلنگانہ اور کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں موسم سرد رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ اِدھر ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں اگلے چار دن کے دوران گہرا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ آسام، میگھالیہ، مغربی اترپردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلّی میں بھی اگلے دو روز تک اِسی طرح کا موسم رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ **x**

## [Cricket U 19 Ind Pak]

دوبئی میں، آئی سی سی اکیڈمی گراؤنڈ میں **19** سال سے کم عمر کھلاڑیوں کے ایشیا کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں اب سے کچھ دیر پہلے تک پاکستان کے خلاف بھارت نے **35** اوورس میں **6** وکٹ پر **188** رَن بنا لئے تھے۔

اِس سے قبل پاکستان نے ٹاس جیت کر فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ بارش کی وجہ سے یہ میچ تاخیر سے شروع ہوا اور اِسے **49 - 49** اوورس کا کردیا گیا۔ **x**

**Cricket Ind - SA T20**

مردوں کے کرکٹ میں، بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان تیسرا ٹی-ٹوئنٹی میچ آج شام 7 بجے دھرم شالہ کے ہماچل پردیش کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ 5 میچوں کی سیریز فی الحال ایک-ایک سے برابری پر ہے۔ جمعرات کے روز نیو چنڈی گڑھ کے Mullanpur میں کھیلے گئے میچ میں 51 رن سے ملی بڑی ہار کے بعد، سوریہ کمار یادو کی قیادت والی بھارتی ٹیم، سیریز میں واپسی کرنے کی کوشش کرے گی۔

اِس سیریز کا چوتھا میچ بدھ کو لکھنؤ میں کھیلا جائے گا، جبکہ فائنل میچ جمعے کو احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں ہوگا۔x

**Squash India hongkong Final**

چنئی میں جاری عالمی اسکواش چیمپین شپ کے فائنل میں، آج بھارت کا مقابلہ ہانگ کانگ سے ہوگا۔ بھارت، کل رات سیمی فائنل میں مصر کو تین-صفر سے شکست دے کر فائنل میں پہنچا ہے۔

اِس سے پہلے، ہانگ کانگ نے دوسرے سیمی فائنل میں جاپان کے خلاف دو-صفر سے جیت درج کی تھی۔x

**Messi Mumbai**

ارجنٹینا کے فٹ بال کھلاڑی Lionel Messi بھارت کے چار شہروں کے اپنے دورے کے تحت آج ممبئی پہنچ گئے ہیں۔ ممبئی میں وہ GOAT India Tour پروگرام کیلئے آج شام پانچ بجے کے آس پاس وانکھیڑے اسٹیڈیم جائیں گے۔ کولکاتہ میں اُن کی موجودگی کے دوران افرا تفری کے حالات کو دیکھتے ہوئے، ممبئی پولیس نے سکیورٹی کے وسیع انتظامات کئے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆